## خاکے کی مدد سے کہانی لکھنا

### ۱ کوّے کا انتقام

کوّوں کا جوڑا درخت پر۔۔۔درخت کی جڑ میں سانپ۔۔۔سانپ کوّوں کے بچّے کھا گیا۔۔کوّی نے درخت چھوڑنے کو کہا۔۔کوّا نہ مانا۔۔۔کوّا شاہی محل کی منڈیر پر آبیٹھا۔۔کھونٹی پر ہار دیکھا۔۔۔ہار چونچ میں دبایا اور محل پر جابیٹھا۔۔کوّوں نے شور مچایا۔۔۔پیادے دوڑے۔۔۔کوّا اُڑ کر اپنے درخت پر۔۔۔سانپ جھوم رہا تھا۔۔۔کوّے نے ہار پھن میں ڈال دیا۔۔۔پیادے آپہنچے۔۔۔سانپ بِل میں گھس گیا۔۔۔پیادوں نے بل کھود ڈالا۔۔۔سانپ کو مار دیا اور ہار لے کر چلے گئے۔۔۔خوب انتقام لیا۔۔۔

### ۲ نیبو نچوڑ

ہوٹل میں مہمان کھانے پر۔۔۔نیبو نچوڑ کی آمد۔۔۔مہمان کی پلیٹ میں نیبو نچوڑ کر۔۔۔کھانے کا مزہ نیبو ہی سے ہے۔۔۔آؤ تم بھی کھاؤ۔۔۔آپ کی مہربانی۔۔۔کھانے میں شریک۔۔۔کھا پی کر چلتا بنا۔۔۔مہمان کو ڈبل بل دینا پڑا۔۔۔نیبو نچوڑ ۔۔۔بے شرم۔۔۔مفت خور اور بے غیرت۔۔۔

### ۳ ایسے کو تیسا

حلوائی کی دکان پر۔۔۔دیہاتی کی آمد۔۔۔مٹھائی کا آرڈر۔۔۔حلوائی ڈنڈی مارتا ہے۔۔۔یہ مٹھائی وزن میں کم ہے۔۔۔تمھیں زیادہ وزن نہ اٹھانا پڑے گا۔۔۔دیہاتی پیسے دیتا ہے۔۔۔یہ تھوڑے ہیں۔۔۔تمھیں کم گننا پڑیں گے۔۔۔

### ۴ انگور کھٹّے ہیں

بھوکی لومڑی۔۔۔انگوروں کا باغ۔۔۔بیلوں کی اونچائی۔۔۔لومڑی کی اچھل کود۔۔۔انگوروں تک رسائی نہ ہو سکی۔۔۔تھک گئی۔۔۔چل دی۔۔۔انگور کھٹے ہیں۔۔۔

### ۵ دو بکریاں

ندّی۔۔۔پل کے بجائے صرف ایک لٹھ۔۔۔ایک بکری اِدھر سے آئی۔۔۔دوسری اُدھر سے آئی۔۔۔لٹھ کے درمیان میں ملاپ۔۔۔نہ پیچھے مڑ سکتی ہے نہ آگے جا سکتی ہے۔۔۔ایک بکری بیٹھ گئی۔۔۔دوسری اس کے اوپر سے گزر گئی۔۔۔پہلی بکری اٹھی اور آرام سے کنارے پر پہنچ گئی ۔۔۔

### ۶ بے وقوف کچھوا

ایک تالاب۔۔۔کچھوے اور دو مرغابیوں کی دوستی۔۔۔تالاب سوکھنے لگا۔۔۔نئے تالاب کی فکر۔۔۔مرغابیاں وداع ہونے لگیں

۔۔۔ کچھوا گھبرا گیا ۔۔۔ مرغابیوں نے ایک لکڑی لی ۔۔۔ لکڑی کے دونوں سرے دونوں نے چونچوں میں دبائے ۔۔۔ کچھوا بیچ میں لٹک گیا ۔۔۔ لوگوں کی ہنسی ۔۔۔ کچھوے نے مُنہ کھولا ۔۔۔ زمین پر گر پڑا ۔۔۔

## ۷ جیسا کروگے، ویسا بھروگے

سوداگر ۔۔۔ حج کا ارادہ ۔۔۔ سومن لوہا ۔۔۔ دوست ۔۔۔ دوست کی نیّت میں خرابی ۔۔۔ لوہا چوہے کھا گئے ۔۔۔ سوداگر کی حیرانی ۔۔۔ ترکیب کا سوجھنا ۔۔۔ دوست کی دعوت ۔۔۔ دوست کے بچّے کو چھپا لینا ۔۔۔ بچّے کو چیل لے گئی ۔۔۔ دوست کا نادم ہونا ۔۔۔ اخلاقی سبق ۔۔۔

## ۸ گیدڑ کی مکّاری

جنگل میں گیدڑوں کا غول ۔۔۔ گیدڑوں کا ہاتھی کو دیکھنا ۔۔۔ ہاتھی کے گوشت کھانے کی ترکیب کرنا ۔۔۔ ہاتھی کو اپنا سردار تسلیم کرنا ۔۔۔ ہاتھی کو دلدل سے گزرنے کا مشورہ دینا ۔۔۔ ہاتھی کا دلدل میں دھنس جانا ۔۔۔ تمام گیدڑوں کا مل کر ہاتھی کو شکار کرنا ۔۔۔

## ۹ شیر کا گھر

بڑھئی ۔۔۔ جنگل میں پنجرا بنانا ۔۔۔ شیر کا آنا ۔۔۔ بڑھئی سے گفت گو ۔۔۔ شیر کا گھر بنا رہا ہوں ۔۔۔ شیر کا پنجرے میں داخل ہونا ۔۔۔ بڑھئی کا بیٹے سے لوٹے میں ابلتا گرم پانی لانے کا کہنا ۔۔۔ شیر کے اوپر ڈالنا ۔۔۔ شیر کا فرار ۔۔۔ دیگر شیروں کے ساتھ آنا ۔۔۔ بڑھئی کی حاضر دماغی ۔۔۔ ''لوٹا لاؤ'' ۔۔۔

## ۱۰ اتّفاق کی برکت

شکاری کا جال ۔۔۔ بھوکے کبوتروں کا غول ۔۔۔ دانہ نظر پڑا ۔۔۔ زمین پر اُتر آئے ۔۔۔ جال میں پھنس گئے ۔۔۔ شکاری دیکھ کر خوش ہو گیا ۔۔۔ جال کی طرف بڑھا ۔۔۔ کبوتر پھڑ پھڑائے ۔۔۔ جال سمیت اڑ گئے ۔۔۔ شکاری دیکھتا رہ گیا ۔۔۔

## ۱۱ دیانت داری کا صلہ

دیانت دار لکڑ ہارا ۔۔۔ دریا کنارے درخت ۔۔۔ کلہاڑے کا دریا میں گر جانا ۔۔۔ افسوس ۔۔۔ فرشتۂ غیبی کا نمودار ہونا ۔۔۔ سونے کا کلہاڑا ۔۔۔ چاندی کا کلہاڑا ۔۔۔ لوہے کا اپنا کلہاڑا ۔۔۔ انعام ۔۔۔ دیانت داری کا صلہ ۔۔۔